NHS Greater Glasgow and Clyde

آکیوٹ سروسز ڈویژن

مرمت اور دیکھ بھال کے بارے میں معلومات

Information about Repairs and Maintenance: Urdu

WestMARC [ویسٹ مارک]
وہیل چیئر اینڈ سیٹنگ سینٹر (WSS)

وہیل چیئر اینڈ سیٹنگ سینٹر کے بارے میں معلومات

WestMARC این ایچ ایس گریٹر گلاسگو اور کلائیڈ کے اندر ایک این ایچ ایس کا ایک ڈیپارٹمنٹ ہے جو لوگوں کو مندرجہ ذیل ہیلتھ بورڈز میں وہیل چیئر اور بحالی کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

- گریٹر گلاسگو اینڈ کلائیڈ
- ہائی لینڈ (صرف ارگیل اور بوٹ)
- ایرشائر اور آران
- ڈم فریز اور گیلوے
- لنارکشائر
- فورتھ ویلی

WestMARC کی طرف سے فراہم کردہ تمام وہیل چیئرز این ایچ ایس کی ملکیت میں رہتی ہیں۔
WestMARC آپ کی وہیل چیئر کی دیکھ بھال اور مرمت کے لیے سروس فراہم کرے گا۔ یہ کتابچہ آپ کو ویسٹ مارک وہیل چیئر اینڈ سیٹنگ سروس (ڈبلیو ایس ایس) کی طرف سے فراہم کردہ وہیل چیئرز کی مرمت اور دیکھ بھال کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا۔

مرمت کی سروس

WestMARC کے پاس اندرون ملک اسٹوریج، مرمت اور تجدید کاری کی سہولت موجود ہے جو کہ یوکر ڈپو سے کام کرتی ہے جو کہ ہیلی اسٹریٹ، یوکر، G13 4DJ میں واقع ہے۔

یہ وینوں اور موبائل انجینئرنگ کے تکنیکی عملے کے بیڑے کا اڈہ بھی ہے جو وہیل چیئرز کی ترسیل، اس کو بہتر بنانے، دیکھ بھال اور مرمت کے لیے ذمہ دار ہیں۔

اگر آپ کو وہیل چیئر کی مرمت کی ضرورت ہو تو آپ کو فوری طور پر سروس سے رابطہ کرنا چاہیے:

0300 790 0129

کال سینٹر کا عملہ کالوں کا جواب دینے کے لیے پیر تا جمعہ صبح کے 8:45 سے شام کے 4:15 تک دفتری اوقات میں دستیاب ہوتا ہے۔ اگر سروس فراہم کرنے والے مرمت کو فوری خیال کریں تو وہ اگلے کام کے دن وہیل چیئر کی مرمت کرنے کی کوشش کریں گے۔ مرمت جو کہ کم فوری نوعیت کی ہوتی ہے یعنی معمول کی اس کو ہم 5 کاروباری دنوں کے اندر مکمل کر دیتے ہیں۔

ایک انجینئر آپ کی وہیل چیئرکی مرمت کے لیے متفقہ جگہ پر آپ کے ساتھ ملاقات کرے گا۔ ویزٹ کے وقت آپ کو آپ کی وہیل چیئر سے باہر منتقل کرنے کی ضرورت پیش آئے گی تاکہ انجینئر مندرجہ ذیل کام انجام دے سکے:

- مرمت کا کام انجام دینا اور
- کسی دوسری خرابی کے لیے آپکی وہیل چیئر کا معائنہ کرنا۔

اگرآپ اپنی وہیل چیئر سے بغیر امداد کے باہر منتقل ہونے سے قاصر ہوں تو براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ مرمت کے وقت اپنی وہیل چیئر سے باہر منتقل ہونے کے لیے مناسب کیئررز کا انتظام کر لیں۔

ڈراپ ان سروس [اپائنٹمنٹ کے بغیر سروس]

آپ اپنی وہیل چیئر کو یوکر ڈپو کی ورکشاپ میں صبح کے 8:30 بجے تا سہ پہر کے 3:45 بجے کے درمیان لا سکتے/سکتی ہیں۔ آپ مرمت کا انتظام کرنے کے لیے 0300 790 0129 پر فون کرکے ڈراپ ان کے انتظامات کر سکتے/سکتی ہیں۔




فون کرتے وقت جن معلومات کی ضرورت ہوتی ہے

جب آپ مرمت کا بندوبست کرنے کے لیے کال کریں تو ہمیں چند ایک معلومات درکار ہوتی ہیں تاکہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہم جلد اور مؤثر طریقے سے مرمت کر سکتے ہیں۔ اس میں یہ شامل ہیں:

- وہیل چیئر استعمال کرنے والے کا نام اور تاریخ پیدائش
- رابطے کا نام اور نمبر
- جگہ
- مرمت کی تفصیلات

تصویر کے درج ذیل صفحات آپ کو یہ بتانے میں مدد کر سکتے ہیں کہ آپ کی وہیل چیئر میں کس جگہ پر خرابی موجود ہے۔



وہیل چیئر گائیڈ

پاور چیئر





دستی چیئر



بیک کینوس
بیک پوسٹ
آرمرسٹ پیڈ
ہینڈ گریپس
سیٹ کینوس
پش ریم
ہینگر کیچ
ہینگر
وہیل ایکسیل
فوٹ پلیٹ
کاسٹر

بیک ریسٹ کیچ
آرم ریسٹ کیچ
سائیڈ پینل
بریک لیور
اینٹی ٹیپنگ لیور
بریک بلاک
ٹائر
سیلف پراپیلنگ وہیل

مزید معلومات کے لئے براہ کرم رابطہ فرمائیں:

WestMARC [ویسٹ مارک]

Queen Elizabeth University Hospital

Govan Road 1345

G51 4TF

ٹیلیفون: 0300 790 0129

ای میل: **WestMARC@ggc.scot.nhs.uk**

ویب سائیٹ: **www.nhsggc.org.uk/WestMARC**

NHS
Greater Glasgow
and Clyde

نظر ثانی کی تاریخ فروری 2024

mi • 247974 v3.0